## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین اور صدر مملکت آصف علی زرداری کے درمیان ٹیلیفون پر گفتگو

## این آر او سے متعلق سپریم کورٹ کے حالیہ فیصلہ اور ملک کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال

## ہم این آر او کے بارے میں سپریم کورٹ کے فیصلے کا مکمل احترام کرتے ہیں اور آئینی وقانونی طریقے سے سپریم کورٹ کے اس فیصلے کا سامنا کریں گے۔

## قائد تحریک الطاف حسین اور صدر آصف زرداری میں اتفاق

لندن۔۔۔17دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری سے ٹیلیفون پر گفتگو کی اوران سے ملک کی موجودہ صورتحال کے تناظر میں تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں کی گفتگو میں این آر او سے متعلق سپریم کورٹ کا حالیہ فیصلہ بھی زیر بحث آیا۔دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ این آر او کے بارے میں سپریم کورٹ نے جو فیصلہ کیا ہے ہم اس کا مکمل احترام کرتے ہیں اور ہم آئینی وقانونی طریقے سے سپریم کورٹ کے اس فیصلے کا سامنا کریں گے۔ جناب الطاف حسین اور صدر آصف زرداری نے ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

## کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی آفیسرز ایسوسی ایشن کے وفد نے رابطہ کمیٹی سے ملاقات کرکے مسائل سے آگاہ کیا

کراچی۔۔۔17دسمبر2009ء

کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی آفیسرز ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر قاسمی کی سربراہی میں عہدیداران کے وفد نے بدھ کو خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب،ڈاکٹر صغیر احمد،سلیم تاجک اور حق پرست سینیٹر عبدالحسیب خان سے ملاقات کی اور انہیں کے ای ایس سی انتظامیہ کے رویے کے باعث محنت کشوں میں پائی جانے والی بے چینی اور مسائل ،مشکلات وپریشانیوں سے آگاہ کیا۔اس موقع پر لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی ، جوائنٹ انچارج وار اکین ، کے ای ایس سی یونٹ کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔وفد نے رابطہ کمیٹی کو بتایا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ مسلسل ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرکے محنت کشوں کو پریشان کررہی ہے جبکہ انتظامیہ نے متعدد افسران کو نہ صرف ادارے سے برطرف کردیا ہے بلکہ محنت کشوں کو سرپلس پول میں بھیجنے کی دھمکیاں دی جارہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایک جانب محنت کشوں کو اضافی بوجھ قرار دیکر ادارے سے نکالنے کا عمل جاری ہے جبکہ دوسری جانب بھاری تنخواہوں پر ادارے میں من پسند افراد کو بھرتی کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ انتظامی رویے کے باعث ملازمین میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وفد کی گذارشات کو غور سے سنا اور انہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی اور مطالبہ کیا ہے کہ ادارے سے بے دخل کیے گئے تمام افسران کو فی الفور بحال کیا جائے اور سرپلس پول میں بھیجنے کا عمل بند کیا جائے اور شہر میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے خاتمے کیلئے مثبت اقدامات بروئے کارلائے جائیں۔

## سپریم کورٹ کے نامور وکیل غلام رسول منگی نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرلی

کراچی۔۔۔17دسمبر2009ء

سکھر کے رہائشی سپریم کورٹ کے نامور وکیل غلام رسول منگی نے ایم کیوایم کی پالیسیوں اور قائد تحریک الطاف حسین کے فکروفلسفے سے متاثر ہوکر باقاعدہ ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرلی۔ایم کیوایم میں شمولیت کا باقاعدہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی سے ملاقات کے دوران کیا۔قبل ازیں انہوں نے نائن زیرو اور ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کا تنظیمی دورہ بھی کیا اور تنظیمی کاموں کا بغور جائزہ لیا۔اس موقع پر اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج لونگ خان چنہ،سینیٹر ورکن آئی ایس ٹی سی ڈاکٹر محمد علی بروہی،حبیب اللہ بلیدی،فرید اور خالد بگھیو بھی موجود تھے۔اشفاق منگی نے غلام رسول منگی کی جانب سے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے پر خیر مقدم کیا اور انہیں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے خوش آمدید کہا۔

## ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے کارکن منصور شیخ کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔17دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے جواں سال کارکن منصور شیخ کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا ہے کہ میں ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ منصور شیخ شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین)

## جرائم پیشہ دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے شاہ فیصل کالونی کے کارکن منصور شیخ کو شہید کر دیا
## نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست منتخب نمائندوں اور ایم کیوایم کے ذمہ داران کی شرکت

کراچی۔۔۔17دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے کارکن منصور شیخ کو مسلح جرائم پیشہ دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا۔منصور شیخ صدیق گوٹھ کے قریب بابا شاہ مزار مسجد سے نماز پڑھ کر نکل رہے تھے کہ جرائم پیشہ دہشت گردوں نے علاقے میں اندھا دھند فائرنگ کر دی جس سے دو گولیاں منصور شیخ کو لگیں اور وہ موقع پر ہی جام شہادت نوش کر گئے جبکہ واقعے میں دیگر نمازی بھی زخمی ہوئے۔منصور شیخ شہید کی عمر 27سال تھی اور وہ شادی شدہ تھے،شہید کے پسماندگان میں بیوہ،چار بھائی اور ایک بہن شامل ہے۔دریں اثناء منصور شیخ شہید کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان جامعہ ملیہ قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا،شہید کی نماز جنازہ اور تدفین میں منتخب عوامی نمائندے حق پرست اراکین اسمبلی،ٹاؤن ناظم،نائب ٹاؤن ناظم،یوسی ناظمین ونائب یوسی ناظمین،کونسلرز،کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان،شاہ فیصل کالونی سیکٹر کمیٹی کے اراکین،یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران،کارکنان،علاقے کے عوام اور شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔17دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 166 کے کارکن اور یوسی 4 کے کونسلر علیم الدین کی والدہ شکیلہ عظیم،ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 147 کے کارکن اور ضلعی وسطی کے سابقہ چیئرمین شاہد لطیف مرحوم کی والدہ نسیم فردوس کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین)

## ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی کے کارکن منصور شیخ کے قتل کا نوٹس لیا جائے،رابطہ کمیٹی
## جرائم پیشہ عناصر شہر کا امن خراب کرنے کیلئے ایم کیوایم کے کارکنان کو قتل وغارت گری کا نشانہ بنا رہے ہیں
## منصور شیخ سمیت 9سے زائد ایم کیوایم کے کارکنان کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا جا چکا ہے،قاتلوں کو گرفتار کیا جائے،مطالبہ

کراچی۔۔۔17دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صدیق گوٹھ مسلح جرائم پیشہ دہشت گردوں کی جانب سے فائرنگ کر کے ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 103-B کے جواں سال کارکن منصور شیخ کو قتل کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ منصور شیخ کے قاتلوں کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض امن دشمن قوتوں کو شہر کا امن ایک آنکھ نہیں بھا رہا ہے اور وہ شہر کا امن تباہ کرنے کیلئے مسلسل دہشت گردی کی کارروائیوں کے ذریعے ایم کیوایم کے نہتے کارکنان کو نشانہ بنا رہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ امن دشمن عناصر کی جانب سے رواں سال کے دوران منصور شیخ سمیت ایم کیوایم کے 9سے زائد کارکنان کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا جا چکا ہے جن کے قاتل آج تک قانون کی گرفت سے آزاد ہیں جبکہ جرائم پیشہ دہشت گردوں کی جانب سے فائرنگ کر کے منصور شیخ کا بہیمانہ قتل بھی

اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ منصور شیخ نماز پڑھ کر نکل رہے تھے کہ دہشت گردوں نے فائرنگ شروع کردی جس سے انہیں دوگولیاں لگی وہ موقع پر ہی جام شہادت نوش کر گئے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام کارکنان کو ہدایت کی وہ اپنے جذبات پر قابو رکھیں اور کسی بھی قسم کی شرانگیزی کا ہرگز شکار نہ ہوں اور پرامن رہ کر شہر کا امن خراب کرنے کی سازشوں کو ناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے منصور شیخ شہید کے سوگوار لواحقین سے بھی دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے گورنرسندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ،صوبائی وزیرداخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ شاہ فیصل کالونی کے کارکن منصور شیخ کے قتل کا نوٹس لیا جائے اور ملزمان کو گرفتار کر کے عبرتناک سزادی جائے اور ایم کیوایم کے کارکنان کا قتل عام بند کرایا جائے۔

## علم کے حصول سے ہی جہالت کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے نوجوان نسل علم کے حصول پر بھرپور توجہ دیں،سیّد وحید الزماں

## زندہ قومیں اپنی بقاء کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرتی،حق پرستی کی تحریک میں خوداحتسابی کا عمل تحریکی مقاصد کا حصہ ہے

ندیم احمد اور نعمان علی

کراچی۔۔۔17دسمبر2009

نوجوان علم کے حصول سے جہالت کا مکمل خاتمہ یقینی بناسکتے ہیں یہ بات اے پی ایم ایس او کے چیئرمین سیّد وحید الزماں نے کمرشل کالج یونٹ سیکٹر بی میں آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کراچی کے تمام سیکٹرز کے ذمہ داران وکارکنان سے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر کراچی کے تمام سیکٹرز و یونٹس سے تعلق رکھنے والے مختلف تعلیمی اداروں کے کارکنان کی کثیر تعداد موجود تھی۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او تحریک کی ریزروفورس ہے اور اس ریزروفورس کو ہر قسم کے حالات کا سامنا کرنے کیلئے ہمہ وقت تیار رہنا ہوگا اور خود کو مزید مستحکم کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ نوجوان زندگی کے ہر شعبے میں صلاحیت حاصل کریں اور یہ سب کچھ اس وقت ہی ممکن ہے جب قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفے پر عمل کیا جائے۔انہوں نے کارکنان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ تحریک کے مفاد کیلئے اپنے ذاتی مفاد کو پس پشت ڈال دیں کیونکہ قائد تحریک نے تحریک کی جدوجہد میں اپنی ذاتی خواہشات کو بالائے طاق رکھ کر تحریک کے مشن ومقصد کے حصول کیلئے جدوجہد جاری رکھی ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ کارکنان اپنے والدین اور اساتذہ کرام کا احترام کریں اور تعلیم پر بھرپور توجہ دینے کیساتھ ساتھ تحریکی لٹریچر کا بخوبی مطالعہ کریں۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سینئر وائس چیئرمین ندیم احمد خان نے کہا کہ تحریک کے مشن ومقصد کو فروغ دینے کیلئے ہمیں ہر طرح کی قربانی دینا ہوگی حق پرستی کی تحریک میں خوداحتسابی کا عمل جاری رہتا ہے۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او تحریک کی بنیاد ہے جس پر پوری تحریک کی عمارت قائم ہے،ایسے میں ہمیں اپنا احتساب کرنا ہوگا اور اپنے اخلاق وکردار کو بہتر بنانا ہوگا حالات کی پرواکیے بغیر زیادہ سے زیادہ علم حاصل کرنا ہوگا تاکہ ملک کی بقاء وسلامتی اور ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔انہوں نے کہا کہ ہمارا بانی وقائدِتحریک الطاف حسین بھائی سے روحانی رشتہ ہے اور اسی رشتے کو برقرار رکھنے کیلئے قائدِتحریک جناب الطاف حسین سے کئے گئے عزم کو یاد رکھنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ آج ہمارے ملک کو طالبان دہشت گردوں کی شرمناک کاروائیوں کا سامنا کرنا پڑرہا ہے جو کہ ملک کی ترقی کی راہ میں حائل رکاوٹ ہے یہی وجہ ہے کہ آج ہمیں ان طالبان دہشت گردوں سے نمٹنے کیلئے ٹھوس اور سخت اقدامات کرنے ہونگے تاکہ ہمارے ملک،صوبہ،شہر سے طالبانائزیشن کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔انہوں نے کہا کہ کارکنان حالات پر کڑی نظر رکھیں اور خود کو ہر طرح کے حالات کا سامنا کرنے کیلئے ذہنی وجسمانی طور پر تیار کرلیں۔جنرل ورکرز اجلاس سے سیکریٹری جنرل نعمان علی نے خطاب کیا اور کارکنان کو چرم قربانی کے سلسلے میں کھالیں جمع کرنے پر کارکنان وذمہ داران کو قائد تحریک جناب الطاف حسین بھائی کی جانب سے خراجِ تحسین پیش کیا۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر لانڈھی سیکٹر کے کارکن نعیم الدین تنظیم کی بنیادی رکنیت سے غیرمعینہ مدت کیلئے معطل

## لانڈھی ٹاؤن یوسی 3 شیر پاؤ کالونی کے رہائشی ارشاد ولد عبدالواحد کا ایم کیوایم سے قطعی کوئی تعلق نہیں،رابطہ کمیٹی کی وضاحت

کراچی۔۔۔17دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی اور غیرتنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 86 کے کارکن نعیم الدین ولد خلیل الدین کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے غیرمعینہ مدت کیلئے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدیت کی ہے کہ وہ تنظیمی نظم وضبط پر سختی سے عمل کریں اور نعیم الدین ولد خلیل الدین سے دوران معطّلی کسی بھی قسم کا ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں۔علاوہ ازیں رابطہ کمیٹی نے لانڈھی ٹاؤن یوسی 3 شیر پاؤ کالونی کے رہائشی

ارشاد ولد عبدالواحد نامی شخص سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ ارشاد ولد عبدالواحد کا ایم کیوایم سے قطعی کوئی تعلق نہیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ارشاد نامی شخص جرائم پیشہ ہے جو خود کو علاقے میں ایم کیوایم کا کارکن ظاہر کرکے ایم کیوایم کو بدنام کررہا ہے۔رابطہ کمیٹی نے عوام وکارکنان سے اپیل کی وہ لانڈھی ٹاؤن یوسی 3 شیر پاؤ کالونی کے رہائشی ارشاد ولد عبدالواحد جیسے جرائم پیشہ افراد سے ہوشیار رہیں اور ایم کیوایم کا نام استعمال کرنے والوں کی اطلاع ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر دیں۔

## ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن عارف کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔17دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن عارف کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا ہے کہ میں اور ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عارف شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین)

## جرائم پیشہ مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن عارف کو شہید کردیا

کراچی۔۔۔17دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لانڈھی سیکٹر کے کارکن عارف کو مسلح جرائم پیشہ دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے شہید کردیا۔ٹارگٹ کلنگ کا یہ واقعہ لانڈھی نمبر 1 بس اسٹاپ 17/J کے سامنے ٹال والی گلی میں اس وقت پیش آیا جب عارف ولد عبدلکمال اپنی بہن کے گھر سے نکل کر جارہے تھے کہ پہلے سے گھات لگائے 125 موٹر سائیکل سوار دو مسلح دہشت گردوں نے انہیں فائرنگ کرکے ہلاک کردیا اور فرار ہوگئے۔عارف کو فوری طور پر طبّی امداد کیلئے جناح اسپتال لیجایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے ان ہلاکت کی تصدیق کردی،واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کے حق پرست رکن قومی اسمبلی آصف حسنین،کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان،لانڈھی سیکٹر کمیٹی کے ارکان و یونٹس کے کارکنان جناح اسپتال پہنچ گئے۔عارف شہید کی عمر 42 سال اور غیر شادی شدہ تھے۔

## مسلح دہشت گردوں کی جانب سے ٹارگٹ کلنگ میں ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن عارف کے قتل کا نوٹس لیا جائے،رابطہ کمیٹی
## جرائم پیشہ حقیقی دہشت گرد شہر کا امن خراب کرنے کیلئے ایم کیوایم کے کارکنان کو قتل وغارت گری کا نشانہ بنارہے ہیں
## منصور شیخ کے بعد عارف کا قتل شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش کا تسلسل ہے جس میں 10 سے زائد ایم کیوایم کے کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ اور دہشت گردی کا نشانہ بنایا جاچکا ہے،قاتلوں کو گرفتار کیا جائے،رابطہ کمیٹی کا حکومت سے مطالبہ

کراچی۔۔۔17دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لانڈھی کے علاقے ون سی ایریا نزد نورمنزل لانڈھی نمبر 1 میں مسلح موٹر سائیکل سوار دہشت گردوں کی جانب سے فائرنگ کرکے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 86 کے کارکن عارف کو قتل کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کو شہر کا امن خراب کرنے کی سازش قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ عارف سمیت ٹارگٹ کلنگ میں ایم کیوایم کے کارکنان کے قتل کا نوٹس لیا جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ امن دشمن عناصر شہر کا امن خراب کرنے کیلئے مسلسل ایم کیوایم کے کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنارہے ہیں اور لانڈھی سیکٹر کے کارکن عارف کا قتل بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کا مقصد شہر کا امن تباہ کرنا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شاہ فیصل اور لانڈھی میں ایم کیوایم کے دو کارکنان کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا جاچکا ہے جبکہ رواں سال میں ایم کیوایم کے 10 سے زائد کارکنان دہشت گردوں کی ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بن چکے ہیں جن کے قاتل آج تک قانون کی گرفت سے آزاد ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عارف اپنی بہن اور دیگر رشتہ داروں سے ملنے گئے تھے اور ملاقات کرکے واپس آرہے تھے کہ گھر سے نکلتے ہی انہیں دہشت گردوں نے فائرنگ کا نشانہ بنایا جس سے واضح ہوگیا ہے کہ دہشت گرد ایک بار پھر شہر میں نوگوایریا قائم کرنا چاہتے ہیں جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی وہ اپنے جذبات پر مکمل قابو رکھیں اور کسی بھی صورت اشتعال میں نہ آئیں اور شرانگیز کارروائیوں پر پرامن رہ کر شہر کا امن خراب کرنے کی سازشوں کو ناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے عارف شہید کے سوگوار لواحقین سے بھی دلی تعزیت

وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، صوبائی وزیرداخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ لانڈھی سیکٹر کے کارکن عارف سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کا نوٹس لیا جائے اور ملزمان کو گرفتار کر کے عبرتناک سزادی جائے اور ایم کیوایم کے کارکنان کا قتل عام بند کرایا جائے۔

☆☆☆☆☆